نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگست کے دوسرے پندھرواڑے کے لیے دھان کی فصل کے لیے بہتر پیداواری حکمت عملی جاری کر دی۔

لاہور: 21اگست 2024 ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لیے اگر کسی وجہ سے فصل میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال مکمل نہیں ہو سکا تو جلد از جلد اسے مکمل کر لیں اور پچھیتی کاشتہ فصل میں کھاد کا استعمال فصل کی صورتحال کے مطابق کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان کے کاشتکار فصل پر نقصان دہ کیڑوں کے متوقع حملہ کے پیش نظر فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کرتے رہیں اور تحفظ نباتات کا خاص خیال رکھیں۔ پتہ لپیٹ سنڈی کے حملہ کی صورت میں نقصان کی معاشی حد یعنی 2 عدد لپٹے ہوئے پتے فی پودا ہو جائے تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کی سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں۔ تنے کی سنڈیوں کے حملہ کی صورت میں نقصان کی معاشی حد یعنی سوک کی شرح 5 فیصد ہو جائے تو سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں۔ سفید پشتی بھورے تیلے کے حملہ کی صورت میں اگر نقصان کی معاشی حد یعنی 15 تا 20 فی پودا ہو جائے تو سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں۔ اس کے علاوہ ٹوکے کے حملہ کی صورت میں اگر نقصان کی معاشی حد 5 عدد فی نیٹ ہو جائے تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں اور کھیت کے اندر اور اطراف میں وٹوں اور کھالوں پر جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ علاوہ دھان کے بھورے دھبے کے حملہ کی وجہ سے پتوں پر چھوٹے چھوٹے گول یا بیضوی نشان ظاہر ہوتے ہیں جن کے کناروں کا رنگ بھورا اور درمیانی حصہ خاکستری ہوتا ہے۔ حملے کی صورت میں قدر گول یا لمبوترے سیاہی مائل بھورے دھبے ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اس کے تدارک کے لیے سفارش کردہ پھپھوند کش زہر کا استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان ایک غذائی فصل ہے۔ اس پر کسی بھی زہر کے سپرے سے قبل محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے وقفہ قبل از برداشت ضرور نوٹ کر لیں۔ دھان کی فصل پر اندھا دھند زہروں کے سپرے سے فصل کی مارکیٹ میں درآمدی ویلیو میں کمی واقع ہوتی ہے۔

☆☆☆☆